# عروش نام رکھنا کیسا؟

**مجیب:** مولانا محمد علی عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3075

**تاریخ اجراء:** 14ربیع الاول1446ھ/19ستمبر2024ء

# دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

بچی کا نام عروش رکھنا کیسا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

عروش عربی زبان کا لفظ ہے، اور یہ عرش کی جمع ہے، اردو اور فارسی میں بھی استعمال ہوتا ہے، اس کے معنی ہیں: کئی چھتیں، کئی تخت اور کئی آسمان وغیرہ۔ معنی کے اعتبار سے یہ نام رکھنا تو درست ہے، البتہ! بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات، بیٹیوں، صحابیات رضی اللہ عنہن اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے کہ حدیث پاک میں اچھے لوگوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، نیز امید ہے کہ اچھے نام کی برکت اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی بچی کے شامل حال ہو گی۔

الغریبین فی القرآن والحدیث میں ہے" وللعرش هنا معنيان: أحدهما: السرير والأسرة للملوك۔۔۔ والمعنى الآخر: البيت ينصب من العيدان ويظلل. وجمعه: عروش "ترجمہ: عرش کے دو معانی ہیں: (1)چارپائی، بادشاہوں کا تخت، (2)لکڑی کا خیمہ جس سے سایہ لیا جاتا ہے، اور عرش کی جمع عروش ہے۔(الغریبین فی القرآن والحدیث، ج1، ص292، مطبوعة المملكة العربية السعودية)

القاموس الوحید میں ہے" العرش: ملک، بادشاہت، تختِ شاہی، چھت۔۔۔ الخ، ج عروش۔(القاموس الوحید، ص1065، ادارہ اسلامیات، لاہور)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے:" تسموا بخيار كم "ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔(الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ58، حدیث2329، دار الكتب العلمية، بیروت)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:" بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے

کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین و بزرگانِ دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔" (بہارشریعت، جلد3، حصہ15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

**نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔ نیچے دئے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔**

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net